18/07/2025
09.20 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **محمد اعظم** سے خبریں سُنئے

**لیفٹنٹ گورنر**

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں کشمیر میںلیفٹنٹ گورنرزسینِک سہایتا کیندر قائم کرنے کی منظوری دی ہے ۔ اس مخصوص مرکز میں اُن فوجیوں کے سماجی اور ذاتی مسائل حل کرنے کی سہولت دستیاب ہو گی ، جو جموں کشمیر میں اپنے فرائض انجام دیتے ہوں یا پھر جن کا تعلق جموں کشمیر سے ہے البتہ وہ ملک کے مختلف حصوں میں تعینات ہیں۔ یہ مرکز جموں اور سرینگر کے سول سیکریٹریٹ میں فوری طور پر اپنا کام شروع کرے گا ۔ دریں اثناءلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نئی دلی میں وزیر اعظم نریندر مودی سے ملاقات کی ہے ۔

**وزیر اعلیٰ**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کے تاریخی مبارک منڈی ہیریٹیج کمپلیکس پر جاری کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر وزیر اعلیٰ کو پروجیکٹ سے متعلق تفصیلی جانکاری دی گئی ۔ انہوں نے کمپلیکس پر صاف وشفاف انداز سے کام مکمل کرنے کی تلقین کی ۔ عمر عبداللہ نے کہا کہ ثقافت کے تحفظ کے لئے مناسب اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔

**یاترا**

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا موسمی صورتحال کے نتیجے میں ایک دن کے لئے عارضی طور معطل رہنے کے بعد دوبارہ شروع ہو گئی ہے ۔ آج یاترا پہلگام اور بال تل دونوں راستوں سے خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے۔ جبکہ جموں سے بھی آج مزید 7 ہزار908 یاتر یوں کا ایک اور قافلہ وادی کی طرف محو سفر ہے ۔ اعداد و شمار کے مطابق کل شام تک مجموعی طور پر دو لاکھ 56 ہزار 141 یاتری پوتر گھپا میں حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کر چکے ہیں ۔

**ورکشاپ**

جموں کشمیر میں ہنر مندی کو فروغ دینے اور ایک مشترکہ نیز نتیجہ خیز نقشہ راہ تیار کرنے کی غرض سے سکل ڈیولپمنٹ محکمے کی طرف سے منعقد کردہ دو روزہ ورکشاپ اختتام پذیر ہو گیا ہے ۔ ورکشاپ میں ملک کے مختلف حصوں سے آئے ہوئے سینئر سرکاری اہلکاروں ، سرکردہ صنعت کاروں ، تعلیمی ماہرین ، سول سوسائٹی کے ارکان اور ہنر مند پیشہ وروں سمیت زائد از سو متعلقین نے شرکت کی ۔ اس موقعہ پر چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کہا کہ جموں کشمیر سرکار یوٹی میں دائمی ہنر مندی کے کلچر کو فروغ دینے کے اپنے عزم پر قائم ہیں ۔

**SKUAST**

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی کے وائس چانسلر پروفیسر نذیر احمد گنائی نے رنگریٹ سرینگر میں قائم ڈرائی لینڈ ایگریکلچرل رسرچ سٹیشن کا دورہ کر کے نبارڈ ، کے تحت زیر عمل پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ سٹیشن کے HADP کیپیکس اور

ڈائریکٹر پروفیسر محمد اشرف بٹ نے انہیں اِن پروجیکٹوں کی موجودہ صورتحال کے Associate بارے میں تفصیلی جانکاری دی ۔

**پاسپورٹ**

ریجنل پاسپورٹ آفس سرینگر کی طرف سے کر گل کے لوگوں کو اُن کی دہلیز پر پاسپورٹ خدمات مہیا کرائی جا رہی ہیں۔ اس ضمن میں پاسپورٹ آفس سرینگر کی طرف سے کر گل میں 21 جولائی سے 25 جولائی تک ایک موبائل پاسپورٹ Van تعینات کی جا رہی ہے۔ اس اہم پہل کے بارے میں ریجنل پاسپورٹ آفیسر سرینگر بی ایس راوت نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

**قتل**

کولگام کے قاضی گنڈ میں ایک دلخراش واقعے میں نقب زنوں نے مالکِ مکان کے بیٹے کو قتل کر دیا ہے ۔ بتایا جاتا ہے کہ جب چوروں نے مکان پر ڈھاکہ ڈالنے کی کوشش کی تو مکینوں کی مزاحمت کے دوران زاہد احمد بانڈے نامی شخص پر چاقو سے وار کیا گیا جو اسپتال پہنچاتے ہی زخموں کی تاب نہ لا کر چل بسا ۔ البتہ مقامی لوگ چوروں کے گروپ میں سے ایک چور کو پکڑنے میں کامیاب رہے جسے پولیس کے حوالے کر دیا گیا ہے ۔

**بی جے پی**

پردیش بی جے پی کے تنظیمی امور کے جنرل سیکریٹری اشوک کول نے ضلع ادھمپور میں پارٹی کی تنظیمی میٹنگ کی صدارت کی ۔

انہوں نے ضلع میں پارٹی سے وابستہ کارکنوں اور عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ زمینی سطح پر بی جے پی کی جڑوں کو مضبوط کرنے کے لئے کام کریں ۔

**پولیس**

جموں کشمیر پولیس نے سوپور سے مزید تین بدنامِ زمانہ ڈرگ سمگلروں کے خلاف NDPS ایکٹ کے تحت معاملہ درج کر لیا ہے ۔ پہلے سے ہی زیر حراست ان سمگلروں کے نام منیب جبار ڈار ، امتیاز احمد کھنڈوا اور عشرت میر بتائے گئے ہیں ۔

**درجہ رارت**

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19 اعشاریہ 9 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25 اعشاریہ 8 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ